# 10-08-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکہ نے کہا ریاست کی معاشی صورتحال بہتر نہ ہونے کے باوجود حکومت وعدوں پر عمل آوری کے ساتھ ساتھ ترقیاتی پروگراموں پر عمل آوری کررہی ہے۔

۲۔ ریاست گیر سطح پر تمام سرکاری، خانگی اسکولس، کالجس اور آنگن واڑی مراکز میں کل سے ڈیوام ٹیبلس تقسیم کیئے جائیں گے۔

۳۔ ریاستی وزیر وویک وینکٹ سوامی نے کہا ہے کہ سنگارینی میں نئی کانکنی کے آغاز کیلئے اقدامات کیئے جارہے ہیں۔ مزید پانچ ہزار افراد کو کالریز میں ملازمت کے موقع فراہم کیئے جائیں گے۔

اور

۴۔ دریائے کرشنا کے بالائی علاقوں میں ہورہی بارش کی وجہ سے ریاست کے ذخیرے آب کی سطح میں اضافہ ہورہا ہے۔ محکمہ موسمیات نے 8 اضلاع کیلئے آرینج اور 23 اضلاع کیلئے ایلوالرٹ جاری کی۔

Vivekanand

ریاستی وزیر ویویک وینکٹ سوامی نے پولنگ کے عمل میں بے قاعدگیوں کو روکنے کے لئے ای وی ایم کے بجائے بیلٹ طریقہ کار سے متعلق کانگریس پارٹی کے مطالبہ کو بی جے پی کی جانب سے غلط قرار دینے پر تنقید کی۔ انہوں نے یاد دلایا کہ راہول گاندھی نے اس بات کی نشاندہی کی ہے کہ پولنگ کے وقت ای وی ایم ہیک ہونے کے واقعات کے تناظر مین بیلٹ طریقہ کار واپس لایا جائے۔ انہوں نے آج ضلع منچریال کے چنور میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ بی آر ایس نے اپنے 10 سالہ دور اقتدار میں پورے نظام کو متاثرہ کیا۔

chirutha

محکمہ جنگلات کے عہدیداروں نے ضلع جگتیال دھرما پوری کے مضافات میں تیندوے کی موجودگی کی اطلاعات کے پیش نظر عوام سے چوکس رہنے کی خواہش کی ہے۔کل شام زرعی مزدوروں کی جانب سے تیندوہ نظر آنے پر محکمہ جنگلات کے حکام کو اطلاع دی گئی اور انہوں نے وہاں پہنچ کر معائنہ کیا۔ عہدیداروں نے اس بات کی تصدیق کی کہ یہ نشانات تیندوے کے پنجوں کے ہی ہیں۔حکام نے کھیتوں میں کام کیلئے جانے والوں کو گروپ کی شکل میں جانے کا مشورہ دیا۔

dvm tablet

ریاست گیر سطح پر تمام سرکاری، خانگی اسکولس، کالجس اور آنگن واڑی مراکز میں کل سے ڈیوام ٹیبلس تقسیم کئے جائیں گے۔ اس کے استعمال سے بچوں کی خود مدافعت مضبوط ہوتی ہے۔ ریاستی وزیر صحت داموذھر راج نرسمہا نے اولیائے طلباء سے اس موقع سے مستفید ہونے کی خواہش کی۔انہوں نے مشورہ دیا کہ ایک سال تا 19 سال کی عمر کے افراد ہی اس کا استعمال کریں۔

Singareni

ریاستی وزیر وویک وینکٹ سوامی نے کہا ہے کہ سنگارینی میں نئی کانکنی کے آغاز کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سنگارینی میں مزید پانچ ہزار افراد کو ملازمت کے مواقع فراہم کئے جائیں گے۔انہوں نے بتایا کہ یہ قرارداد منظور کی گئی ہے کہ 80 فیصد ملازمتیں مقامی افراد کو دی جائیں گی۔ انہوں نے آج ضلع عادل آباد کے مندامری میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ ضلع کے سومانا پلی میں 200 کروڑ کی لاگت سے اینٹی گریٹیڈ اسکول کے کاموں کا عنقریب آغاز ہوگا۔

indiramma housing

ضلع کلکٹر رضوان باشاہ شیخ نے بتایا کہ جنگاؤں ضلع میں اندراماں مکانات کے استفادہ کنندگان کو مکانات کی پیشرفت کو دیکھتے ہوئے ہر پیر کو بلس ادا کیئے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ کھاتہ میں نقد رقم جمع ہونے سے متعلق اطلاع کیلئے کئی استفادہ کنندگان دفاتر کے چکر کاٹ رہے ہیں۔ اسی کے پیش نظر حکومت نے آن لائن سہولت متعارف کی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اندراماں مکانات اسکیم سے متعلق شکایتوں کو قبول کرنے اور خدشات کو دور کرنے کے لئے 040-29390057 نمبر کی سہولت متعارف کی گئی ہے اور یہ ٹول فری ہے۔

BJP

بی جے پی کے ریاستی صدر رام چندر راؤ نے الزام عائد کیا کہ کانگریس قائد راہول گاندھی شکست کے خوف سے ہی ووٹوں کی چوری کا الزام عائد کر رہے ہیں۔ ضلع ناگر کرنول اچم پیٹ بی آر ایس پارٹی کے سابق رکن اسمبلی جی بالا راجو کی جانب سے آج بی جے پی میں شمولیت کے موقع پر آج رام چندر راؤ نے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ ریاست میں ان کی پارٹی مستحکم ہو رہی ہے اور متبادل طاقت کے طور پر ابھر رہی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ مجالس مقامی انتخابات میں ان کی پارٹی سخت مقابلہ کرے گی۔

PCC

پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر مہیش کمار گوڑ نے کہا ہے کہ حیدرآباد کے جوبلی ہلز اسمبلی حلقہ کے لئے ضمنی انتخاب کا نوٹیفکیشن جاری ہوتی ہی پارٹی امیدوار کا اعلان کیا جائے گا۔ انہوں نے آج حیدرآباد میں کہا کہ موجودہ رکن اسمبلی کے فوت ہونے کے بعد ان کے ارکانِ خاندان کو موقع دینے کی روایت کو بی آر ایس پارٹی نے فراموش کر دیا ہے۔

Kindra Pathakam

مرکزی حکومت کی جانب سے متعارف کردہ اسکیمات عوام کیلئے فائدہ مند ثابت ہورہی ہےاوروہ اس پر خوشی کا اظہار کررہے ہیں۔اس سلسلہ میں محبوب آباد ضلع مستقر کے پی سندیپ نے آکاش وانی سے بات چیت کی۔

Sound Byte.

Student

امبیڈکراوپن یونیورسٹی میں قبائلی طلبہ سے برائے نام فیس اصول کرتے ہوئے انہیں داخلہ دیا جارہا ہے۔ یہ بات یونیورسٹی کے وائس چانسلر گنٹا چکراپانی نے بتائی۔انہوں نے کہا کہ ڈگری کورس کی فیس 3 ہزار 200 روپے ہے جبکہ گریجن طلبہ سے صرف 500 روپے وصول کئے جارہے ہیں۔

Rythu Bima

ضلع کلکٹر ابھیلا شا ابھینو نے ضلع ملگ میں سال 26-2025ء کیلئے اہل نئے کسانوں سے رعیّتو بیمہ اسکیم کیلئے ناموں کے اندراج کی خواہش کی ہے۔انہوں نے آج بتایا کہ یہ عمل اس مہینہ کی 13 تاریخ کو اختتام کو پہنچے گا۔

Ration Cards

ضلع راجنا سرسلہ ایلا ریڈی منڈل مستقر میں نئے راشن کارڈس کی تقسیم کے عمل کا کلکٹر سندیپ کمار جھا نے آج آغاز کیا۔انہوں نے کہا کہ راشن کارڈس کی اجرائی مسلسل جاری رہنے والا عمل ہےاور تمام اہل افراد کو راشن کارڈس فراہم کئے جائیں گے۔انہوں نے کہا کہ راشن کارڈس غریب افراد کے لئے عزت نفس کی علامت ہےاور یہ اہم سرکاری دستاویز ہے۔

Bhati banakacherla

ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ ریاست میں بی آر ایس دس سالہ دور اقتدار میں ایک بھی پراجکٹ تعمیر نہیں کروایا اور ایک ایکر اراضی کو بھی سیراب نہیں کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ کانگریس نے کئی پراجکٹس تعمیر کروائے ہیں۔انہوں نے آج کھمم ضلع میں کہا کہ انتہائی کم خرچ سے ہزاروں ایکر اراضی کو سیراب کرنے کیلئے حکومت کی جانب سے اقدامات کئے جارہے ہیں۔انہوں نے ضلع کھمم مدھیرا حلقہ میں 630 کروڑ کی لاگت سے تعمیر کردہ جواہر لفٹ اریگیشن اسکیم کا سنگ بنیاد رکھا۔اس موقع پر اپنے خطاب میں ڈپٹی چیف منسٹر نے کہا کہ جس وقت ان کی حکومت اقتدار میں آئی ریاست کا خزانہ خالی تھا باوجود اس کے انتخابات میں کئے گئے وعدوں پر عمل آوری کی جارہی ہے۔

Weather

ریاست کے کئی مقامات پر موسلا دھار بارش کا سلسلہ جاری ہے۔فی گھنٹہ 30 تا40 کلومیٹر کی رفتار سے ہوائیں چل رہی ہیں۔حیدرآباد کے کئی مقامات پر ہورہی بارش کی وجہ سے عام زندگی درہم برہم ہوگئی۔سڑکوں پر پانی جمع ہونے کی وجہ سے ٹرافک کی آمد ورفت میں خلل پڑا۔اس دوران محکمہ موسمیات کے عہدیداروں نے انتباہ دیا ہے کہ عوام ضروری کام سے ہی گھروں سے باہر نکلیں۔اسی اثناء میں ریاست کے 8 اضلاع کیلئے آرینج اور 23 اضلاع کیلئے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔نرمل، نظام آباد، جگتیال، کاماریڈی ، میدک، سنگاریڈی ، وقارآباد، راجنا سرسلہ، سدی پیٹ، ناگر کرنول، ملگ، کھمم اور بھدرادری کوتہ گوڑم اضلاع کیلئے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

Jalashaya wardha

دریائے کرشنا کے بالائی علاقوں میں ہورہی بارش کی وجہ سے ریاست کے ذخیرے آب کی سطح میں اضافہ ہورہا ہے۔ فاضل پانی نشیبی علاقوں میں چھوڑا جارہا ہے۔ سری سیلم سے تقریباً60 ہزار کیوزک سیلاب کا پانی آرہا ہے جس کی وجہ سے ناگرجنا ساگر کی آبی گنجائش 590 فٹ تک پہنچ گئی۔ صورتحال کو دیکھتے ہوئے نشیبی علاقوں میں پانی چھوڑا جارہا ہے۔ برقی پیداوار کے ساتھ ساتھ نشیبی علاقوں میں پانی چھوڑنے کا سلسلہ جاری ہے۔

سری رام ساگر پراجکٹ میں بھی سیلاب کا پانی داخل ہورہا ہے۔ پراجکٹ کی مکمل آبی گنجائش 1091 فٹ ہے۔ آخری اطلاعات ملنے تک ذخیرے آب کی آبی گنجائش 1078 اعشاریہ 8 صفر فیصد تک پہنچ گئی۔ عہدیداروں کے مطابق یہاں سے تقریباً8 ہزار 300 کیوزک پانی چھوڑا جارہا ہے۔

حیدرآباد کے مضافات میں واقع حمایت ساگر میں زبردست پانی کا بہاؤ دیکھا جارہا ہے۔ صورتحال کو دیکھتے ہوئے چار دروازے کھول کر پانی نشیبی علاقوں میں چھوڑا جارہا ہے۔ بالائی علاقوں میں شدید بارش کی وجہ سے راجندر نگر حمایت ساگر کے درمیان سرویس روڈ پر آمدورفت کو روک دیا گیا ہے۔

Mukhyamantri

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج شام حیدرآباد میں بارش سے متاثرہ علاقوں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے امیر پیٹ، بلکم پیٹ اور دیگر علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے صورتحال کا جائزہ لیا اور ہائیڈرا کمشنر کے علاوہ دیگر عہدیداروں سے امدادی کارروائیوں سے متعلق تفصیلات حاصل کی۔ چیف منسٹر نے اگلے دو دنوں تک موسلا دھار بارش کے امکانات کے پیش نظر عہدیداروں کو چوکس رہنے کی ہدایت دی۔

OO